**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X EXAMINATION**

**APRIL/ MAY 2019**

**Islamiyat Paper I**

**Time: 30 minutes Marks: 20**

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نا لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 20 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نا لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا

(سورۂ احزاب: آیت 10)

دی گئی آیت کے مطابق جنگِ احزاب کے موقع پر جب مسلمانوں نے کفار کو دیکھا تو ان کی آنکھیں پھر گئیں اور

A۔ وہ گر گئے۔

B۔ وہ بھاگ گئے۔

C۔ ان پر کپکپی طاری ہو گئی۔

D۔ ان کے دل گلوں تک پہنچ گئے۔

2۔ اور ان کی زمین اور ان کے گھروں اور ان کے مالوں کا تمہیں مالک بنا دیا اور اُس زمین کا بھی جس پر تم نے کبھی قدم نہیں رکھا تھا، اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ (سورۂ احزاب: آیت 27)

درج بالا آیت کے مطابق اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو کن کی زمین کا وارث بنا دیا؟

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

A۔ بنو قریظہ کی

B۔ بنو قینقاع کی

C۔ بنو نضیر کی

D۔ بنو نجار کی

3۔ درج ذیل میں سے کون سی آیت کا مفہوم اس بات کی طرف اشارہ کر رہا ہے کہ کسی شخص کو اللہ اور اس کے پیغمبر صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کے فیصلہ کے بعد اپنے کسی حکم کا کوئی اختیار نہیں رہتا؟

A۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا۔

(سورۂ احزاب: آیت 57)

B۔ يٰٓاَيُّهَا النَّبِىُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ۚ

(سورۂ احزاب: آیت 59)

C۔ مَا كَانَ عَلَى النَّبِىِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ۗ سُنَّةَ اللّٰهِ فِى الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ

(سورۂ احزاب: آیت 38)

D۔ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ

(سورۂ احزاب: آیت 36)

4۔ وَلَا تُطِعِ الْکَافِرِیْنَ وَالْمُنَافِقِیْنَ وَدَعْ اَذٰهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِیْلًا (سورۂ احزاب: آیت 48)

درج بالا آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کو کافروں اور منافقین کے طرزِ عمل سے متعلق کیا ہدایات دی ہیں؟

A۔ منافقین کا کہنا نہ مانیں اور کافروں کی تکلیف کو نظر انداز کریں۔

B۔ منافقین کا کہنا نہ مانیں اور کافروں کی دھوکے بازی کو نظر انداز کریں۔

C۔ کافروں اور منافقین کا کہنا نہ مانیں اور ان کی تکالیف کو نظر انداز کریں۔

D۔ کافروں اور منافقین کی تکالیف کو نظر انداز کریں اور ان سے جنگ کریں۔

5۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ قَدْ یَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا یَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ

(سورۂ ممتحنہ: آیت 13)

درج بالا آیت میں 'قَدْ یَئِسُوْا' کے کیا معنی ہیں؟

A۔ وہ خوش ہوگئے۔

B۔ وہ مایوس ہوگئے۔

C۔ وہ ناراض ہوگئے۔

D۔ وہ پر امید ہوگئے۔

6۔ اَلصَّلٰوةُ عِمَادُ الدِّیْنِ وَمَنْ اَقَامَهَا فَقَدْ اَقَامَ الدِّیْنَ وَمَنْ هَدَمَهَا فَقَدْ هَدَمَ الدِّیْنَ۔ (حدیث نمبر 11)

درج بالا حدیث میں 'عِمَادُ' کے کیا معنی ہیں؟

A۔ بنیاد

B۔ دیوار

C۔ ستون

D۔ چھت

April/ May 2019 for Teaching & Learning only

7۔ نفیس جمعہ کی صلوٰۃ کے وقت مسجد میں بیٹھا تھا کہ ایک شخص دیر سے مسجد میں پہنچا اور گردنیں پھلانگ کر آگے کی جانب جا کر بیٹھ گیا۔ صلوٰۃ کے بعد نفیس نے اسے نصیحت کی اور اس حوالے سے ایک حدیث سنائی۔

نفیس نے اس شخص کو یہ حدیث سنائی: '' جو شخص جمعہ کے دن لوگوں کی گردنوں پر سے پھلانگ کر گیا (گویا) اس نے /وہ

A۔ جہنم میں گھر بنایا۔''

B۔ جہنم کی گھاٹی میں گیا۔''

C۔ جہنم کی طرف پل بنایا۔''

D۔ جہنم کی وادی میں چلا گیا۔''

8۔ اِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِكَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ اَنْصِتْ وَالْاِمَامَ يَخْطُبُ فَقَدْ لَغَوْتَ۔ (حدیث نمبر 12)

درج بالا حدیث میں 'لَغَوْتَ' کے کیا معنی ہیں؟

A۔ تم نے اچھی بات کی۔

B۔ تم نے فضول بات کی۔

C۔ تم نے لعنت کی بات کی۔

D۔ تم نے نصیحت کی بات کی۔

9۔ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ وَقَامَہٗ اِیْمَانًا وَّاِحْتِسَابًا غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ (حدیث نمبر 15)

مَنْ حَجَّ الْبَیْتَ فَقَضٰی مَنَاسِکَہٗ وَسَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِہٖ وَیَدِہٖ غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ (حدیث نمبر 17)

درج بالا احادیث میں کون سی بات مشترک ہے؟

A۔ جہنم میں جانے کی خبر

B۔ جنت میں جانے کی بشارت

C۔ ماضی کے گناہوں کی معافی کی خبر

D۔ مستقبل کے گناہوں کی معافی کی خبر

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

10۔ مَنْ اِغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِی سَبِیْلِ اللہِ حَرَّمَهُ اللہُ عَلَى النَّارِ۔ (حدیث نمبر 18)

ترجمہ: جس کے قدم اللہ تعالیٰ کی راہ میں غبار آلود ہوئے، اللہ تعالیٰ نے آگ اس پر حرام کر دی۔

دی گئی حدیث کے مطابق درج ذیل تمام وہ اعمال ہیں جن کے حصول میں انسان اپنے قدم غبار آلود کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ معاف کر دیتا ہے **سوائے** اُن اعمال کے جو

A۔ علم کی طلب میں ہوں۔

B۔ اپنے مفاد کے لیے ہوں۔

C۔ نماز کی ادائیگی کے لیے ہوں۔

D۔ مسلمان بھائی کی مدد کے لیے ہوں۔

11۔ صحت اور تندرستی حاصل کرنے اور تمام عبادات کی ادائیگی کے لیے شرطِ اوّل ہے

A۔ ریاضت

B۔ طہارت

C۔ استقامت

D۔ استطاعت

12۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم نے کس کی خدمت کرنے کو جہاد کے مترادف فرمایا ہے؟

A۔ اولاد

B۔ اساتذہ

C۔ احباب

D۔ والدین

13۔ قرآن مجید نے رشتۂ ازدواج کو 'احصان' کہا ہے جس کے معنی

A۔ قلعہ کھول کر آزاد ہو جانے کے ہیں۔

B۔ قلعہ بند ہو کر محفوظ ہو جانے کے ہیں۔

C۔ قلعہ اور عمارت کے درمیان کے ہیں۔

D۔ قلعہ اور عمارت کی راہداریوں کے ہیں۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

براہِ کرم صفحہ الٹیے

14۔ معاشرے میں روز بڑھتے ہوئے جرائم کو دیکھتے ہوئے عبد اللہ نے سوچا کہ وہ لوگوں میں ان جرائم کی روک تھام کے لیے شعور پیدا کرے گا۔ اس ضمن میں عبد اللہ نے جرائم کی روک تھام اور عوام میں شعور اجاگر کرنے کے لیے اخبار کے لیے مضامین لکھے جو لوگوں تک پہنچنا شروع ہوگئے۔ ابتدا میں عبد اللہ کو لوگوں کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا، لیکن اس نے ہمت نہیں ہاری اور برابر مضامین لکھتا رہا۔ یہاں تک کہ حکومت نے اقدام کیا اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کارروائیاں شروع کردیں۔

دیے گئے بیان کے مطابق عبد اللہ نے درج ذیل جہاد کی اقسام میں سے کون سی قسم پر عمل کیا؟

A۔ جہاد بالقلم
B۔ جہاد بالنفس
C۔ جہاد بالسیف
D۔ جہاد باللسان

15۔ بیوی کے حقوق کے معاملے میں شوہر کے بنیادی فرائض میں سب سے پہلا فریضہ کہ وہ بیوی کو/کا

A۔ خرچہ اُٹھائے۔
B۔ تعلیم دلوائے۔
C۔ مہر ادا کرے۔
D۔ گھر لے کر دے۔

16۔ مشکل حالات میں قوموں میں افراتفری، بدنظمی، مایوسی اور بے عملی کا مظاہرہ کیا جائے تو قومیں تباہ ہو جاتی ہیں۔ قوموں پر جب بھی کوئی مصیبت یا بُرا وقت آئے تو اس کا مقابلہ بنیادی طور پر کن دو طریقوں سے کیا جا سکتا ہے؟

A۔ ہمت اور صبر سے
B۔ تقویٰ اور صبر سے
C۔ تقویٰ اور سچائی سے
D۔ وفاداری اور سچائی سے

17۔ قرآن ہر زمانے اور ہر خطے کے تمام انسانوں کے لیے مکمل ہدایت و رہنمائی ہے۔ انسان کی دنیا و آخرت کی حقیقی فلاح کا دارومدار اسی پر عمل کرنے سے ہے اور ہمارا ایمان ہے کہ قرآن میں جو کچھ مجموعی طور پر بیان ہوا ہے وہ یقینی علم اور

A۔ قیاس کی بنیاد پر مبنی ہے۔
B۔ فضائل کی بنیاد پر مبنی ہے۔
C۔ ثواب کی بنیاد پر مبنی ہے۔
D۔ حقیقت کی بنیاد پر مبنی ہے۔

April/ May 2019 for Teaching & Learning only

18۔ قومی یک جہتی اور اتحاد و اتفاق ہی وہ ہتھیار ہے جس کے ذریعے ہم دشمن کی چالوں کو ناکام بنا سکتے ہیں۔ بتائیے کہ درج ذیل میں سے کون سا کام 'یک جہتی' سے متعلق **نہیں** ہے؟

A۔ تنظیم
B۔ یگانگت
C۔ رواداری
D۔ اجارہ داری

19۔ کتاب 'الھند' جو تاریخ کی ایک اہم کتاب ہے، کس کی تصنیف ہے؟

A۔ سید امیر علی کی
B۔ ابو ریحان البیرونی کی
C۔ ابو القاسم عباس الزہراوی کی
D۔ ڈاکٹر سلیم الزماں صدیقی کی

20۔ دینِ اسلام تمام اقوام کے ساتھ مل جل کر رہنے کا پیغام دیتا ہے۔ اسلام نے تعلقات کو فروغ دینے کی حوصلہ افزائی کی ہے۔ ان تعلقات کی ابتدا اُس وقت ہی ممکن ہو سکتی ہے جب ان اقوام کے/سے

A۔ طور طریقے اپنائیں۔
B۔ کاموں میں مداخلت نہ کریں۔
C۔ نظریات سے اجتناب برتیں۔
D۔ عزت و رواداری سے پیش آئیں۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only